# اردو کے پرچہ کے لیے راہ نما اصول

پرچہ کی ترتیب اور نمبروں کی تقسیم

اردو برائےجماعت گیارہ (ایچ ایس ایس سی-۱)

سوالنامہ تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حصہ اول ، حصہ دوم اور حصہ سوم۔سوال نامہ میں دیے گئے سوالات نصابی کتاب میں افکار ونظریات سے اخذ کردہ مواد میں سے بنائے جا سکتے ہیں۔ البتہ سوالات کی تیاری میں ممکنہ امیدواران کی اوسط ذہنی استعداد اور صلاحیت کو ضرور مد نظر رکھا جائے (گا)۔مزید برآں کہ دیے گئے برحصہ میں تقریباً تیس فیصد سوالات معلومات (Knowledge)، تقریباً پچاس فیصد سوالات ادراک (Understanding)جبکہ بیس فیصد سوالات حاصل کردہ معلومات و ادراک کے اطلاق(Application) پر مشتمل ہوں گے۔

سوال نامہ میں حصہ قواعد میں مندرجہ ذیل عنوانات کا احاطہ کیا جائے گا:

**قواعد و انشا:**

1- امدادی فعل کی تعریف اور مثالیں
2- علم بیان، بدیع اور صنعتوں کی تعریف
3- صنائع بدائع کے لحاظ سے غلط فقرات کی درستی
4- اصناف سخن کی تعریف اور پہچان
5- اشتقاق، مشتقات، وصفی و لغوی معنی، مجازی معنی، سلینگ، بول چال اور اصطلاحی معنوں کے حوالے سے لغت کا استعمال
6- روداد/مکالمہ 7- درخواست/خط 8- تلخیص

**ضمیمہ برائے قواعد و انشا (توضیح و تشریح)**

1- امدادی افعال کی تعریف اور مثالیں۔
2- اصنافِ سخن کی تعریف (حمد، نعت، قصیدہ، قطعہ، مرثیہ، شہرِ آشوب مثنوی، مسدّس، مخّمس، مضمون، ناول، ڈراما، انشائیہ، مکالمہ، سفرنامہ، لوک کہانی، خط، مطلع، مقطع، قافیہ، ردیف کی تعریف اور مثالیں)
3- علم بیان (الف) تشبیہ، استعارہ کی تعریف اور مثالیں
(ب) صنائع: صنعتِ تلمیح، صنعتِ مراعاۃ النظیر، صنعتِ تضاد، صنعتِ حسنِ تعلیل، صنعتِ تضمین، صنعتِ لف و نشر
(ج) روزمرّہ اور محاورہ کی تعریف اور مثالیں۔
4- قواعد زبان (الف) فاعل اور فعل کی مطابقت کی رُو سے جملے کی درستی
(ب) فاعل اور مفعول کی مطابقت کی رُو سے جملے کی درستی
5- حمد، نعت، قصیدہ، منقبت، قطعہ، مرثیہ، شہرآشوب، مثنوی، مسدّس، مخّمس، مضمون، ناول، ڈراما، انشائیہ، مکالمہ، سفرنامہ، لوک کہانی، خط نگاری
6- تقریب کی روداد امتحانی کاپی کے کم سے کم دو صفحات پر مشتمل ہو۔
7- درخواست یا خط جس میں نفسِ مضمون کم سے کم تین پیراگراف پر مشتمل ہو۔ درخواست یا خط میں نفسِ مضمون لکھے بغیر محض ابتدائیہ اور اختتامیہ لکھنے والے طالب علم کو مارکس نہیں دیے جائیں گے۔
8- تلخیص کے لیے اَن دیکھا موزوں نثر پارہ دیا جائے گا۔

**حصہ اول**

سوالنامہ کا یہ حصہ معروضی طرز کے سوالات کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ اس حصہ میں بیس لازمی کثیر الانتخابی طرز کے سوالات ہوں گے۔یہ سوالات ایسے بنائے جا ئیں گے کہ امیدواران کا پڑ ھائے گئے اسباق کا مطالعہ ، ان میں دیے گئے افکار و نظریات کی معلومات اور ان پر عبور، نیز قواعد اور ذخیرہ الفاظ کا احاطہ کریں ۔

**نوٹ:** حصہ اول میں شعراومصنفین کی زندگی وفن کے بارے میں سوال دیا جا سکتا ہے۔

**حصہ دوم**

اس حصہ میں دو سوال ہوں گے اور کل نمبر 48 ہیں۔ اس حصہ کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر2: | اس سوال کے درج ذیل چار اجزاء ہوں گے:<br>الف: حصہ نثر:<br>اس حصہ میں ترجیحاً 6 ذیلی سوالات شامل کیے جائیں گے۔ امید واران کوان میں سے کوئی سے 5 ذیلی سوالات کے جوا بات دینا ہوں گے۔ جبکہ ہر ذیلی سوال کے 4 نمبر ہوں گے۔ اَن کا مجموعہ زیادہ سے زیادہ 20نمبر تک جا سکتا ہے۔<br>ب: حصہ نظم:<br>اس حصہ میں ترجیحاً 4 ذیلی سوالات شامل کیے جائیں گے۔ امید واران کوان میں سے کوئی سے 3 ذیلی سوالات کے جوا بات دینا ہوں گے۔ جبکہ ہر ذیلی سوال کے 4 نمبر ہوں گے۔ اَن کا مجموعہ زیادہ سے زیادہ 12 نمبر تک جا سکتا ہے۔ | 20نمبر<br>12 نمبر<br>4 نمبر |

| | | |
|---|---|---|
| | ج: حصہ غزل:<br>اس حصہ میں ترجیحاً 2 ذیلی سوالات شامل کیے جائیں گے۔ امید واران کوان میں سے کسی 1 ذیلی سوال کا جوا ب دینا ہو گا۔ ان کا مجموعہ زیادہ سے زیادہ 4نمبر تک جا سکتا ہے۔<br>د: قواعد و اصطلاحات:<br>اس حصہ میں ترجیحاً 3 ذیلی سوالات شامل کیے جائیں گے۔ امید واران کوان میں سے کوئی سے 2 ذیلی سوالات کے جوا بات دینا ہوں گے۔ جبکہ ہر ذیلی سوال کے 4 نمبر ہوں گے۔ ان کا مجموعہ زیادہ سے زیادہ 8 نمبر تک جا سکتا ہے۔ | 8 نمبر |
| سوال نمبر3: | اس سوال میں دی گئی عبارت کی تلخیص کرنا ہو گی اور اس کا مناسب عنوان بھی تجویز کرنا ہو گا۔ | 4 نمبر |

## حصہ سوم

اس حصہ میں پانچ لازمی سوالات شامل ہیں اور کل نمبر 32ہیں۔اس حصہ کی تفصیل درج ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 4: | اس سوال میں درسی کتا ب میں پڑھا ئے گئے اسباق(حصہ نثر) میں سے کوئی سے دو اقتباسات (پیرا گراف) دیے جائیں گے ۔ امیدواران کو ان دو میں سے کسی ایک پیرا کی مصنف اور سبق کے نام (حوالہ متن )کے ساتھ آسان اردو میں تشریح کرنا ہو گی۔ | 6 نمبر |
| سوال نمبر5: | اس سوال میں درسی کتاب میں پڑھا ئی گئی نظموں میں سے کوئی سے دو اقتباسات (بند) دیے جائیں گے ۔ امیدواران کو ان دو میں سے کسی ایک بند کی شاعر اور نظم کے نام (حوالہ متن )کے ساتھ آسان اردو میں تشریح کرنا ہو گی۔ | 7 نمبر |
| سوال نمبر 6: | اس سوال میں درسی کتاب میں پڑھا ئی گئی غزلوں میں سے کوئی سے پانچ اشعار دیے جائیں گے ۔ امیدواران کو ان پانچ میں سے کوئی سے تین اشعار کی شاعر کے نام (حوالہ متن )کے ساتھ آسان اردو میں تشریح کرنا ہو گی۔ | 9 نمبر |
| سوال نمبر 7: | اس سوال میں امیدواران کو دیے گئے عنوان(موضوع)پر مکالمہ لکھنا ہے۔<br>(مکالمہ میں رسمی سلام دعا اور خدا حافظ کے علاوہ کم از کم پانچ مزید مکالمات (جملوں کے جوڑے)ہونے چاہییں۔ | 5 نمبر |
| سوال نمبر 8: | اس سوال میں امیدواران کو دیے گئے موضوع کے مطابق ایک خط/درخواست لکھنا ہے۔<br>نمبروں کی تقسیم ذیل میں دی گئی ہے: | 5 نمبر |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0.25 | شہر کا نام | 0.25 | کمر ہ امتحا ن |
| 0.25 | السلام علیکم | 0.25 | تاریخ |
| 0.25 | القاب<br>آپکا<br>دوست/بھائی/<br>وغیرہ وغیرہ | 3.5 | خط کا متن(مضمون)<br>ترجیحاً ۳ پیرا گراف<br>I. ابتدائیہ کلمات، تسلیمات و آداب وغیرہ(۲-۱ جملے)<br>II. خط کا مدعاو مقصد(٦-۳ جملے)<br>III. اختتا میہ کلمات ،دعاوں کی درخواست ،آنے کی دعوت وغیرہ(۲-۱ جملے) |
| | | 0.25 | کاتب کا پتہ(ء-ی-ے-) |

خط میں شہر و مقام کے نام، تسلیمات اور تاریخ وغیرہ کے نمبر صرف اسی صورت دیے جائیں گے کہ امید وار نے خط کا متن(مضمون) درست طور لکھا ہو اگرچہ اس متن میں املا اور گرامر درست نہ بھی ہو ۔

**Annexure for Policy Guidelines for Question Paper**

Definitions and Disclaimer

Policy guidelines for paper setting vide Notification No.6-8/FBISE/RES/CC/918 dated 27 August 2019 have been conveyed for general information. Definitions of some terminologies and disclaimers are given in this annexure.

1. **Definitions**

   I. **Cognitive Domains**

   Cognitive domain refers to development of mental skill and acquisition of knowledge.

In the questions papers developed by Federal Board of Intermediate & Secondary Education, Islamabad from hereon will be intended to test the following cognitive domains of the candidates:

- Knowledge: Approximately 30% Question in each section
- Understanding: Approximately 50% Question in each section
- Application: Approximately 20% Question in each section

i. **Knowledge (K)**

Knowledge refers to the ability of the candidates to recall the learned or memorized information or data.

**Examples**

- A child reciting the alphabets of English
- Memorization and reproducing the dates and other facts etc.

  e.g. Pakistan came into being on 27th Night of Ramadan-ul-Mubarak.

**Related Verbs (Command Words)**

Arrange, define, duplicate, label, list, memorize, name, order, recognize, relate, recall, repeat, reproduce, state etc.

ii. **Understanding (U)**

Understand (also called Comprehension) refers to ability of the candidates to comprehend (a set of) information and/or situation and provide his/her response to it accordingly.

**Examples**

- Performing analyses and illustrating the observations
- Comprehending the concepts of Social, Natural and Physical Sciences

  e.g. Discuss different types of noise and their impact on human health briefly.

**Related Verbs (Command Words)**

Classify, describe, discuss, explain, express, identify, indicate, locate, recognize, report, restate, review, select, translate, rephrase, differentiate, compare etc.

iii. **Application (A)**

Application refers to the ability to use learned material in new and concrete situation to solve problems and/or to design a schedule or task.

**Examples**

- Performing analyses and illustrating the observations
- Comprehending the concepts of Social, Natural and Physical Sciences

  e.g. Illustrate the similes and metaphors given in the poem Daffodils.

**Related Verbs (Command Words)**

Apply, choose, demonstrate, dramatize, employ, illustrate, interpret, operate, practice, schedule, sketch, solve, use, write etc.

**II. Sections of Paper**

There are three or four (03 or 04) sections in each question paper:

i. **Section-A**

Contains Multiple Choice Questions (MCQs). All questions are compulsory without any external or internal choice. Usually comprises of 20% of total marks of the (theory if applicable) paper.

ii. **Section B**

Contains Short Response Questions (SRQ). Candidates may have external choice up to 33%. In addition to that internal choice may also be offered based upon model, content and/or nature of the subject.

- This section may contain almost 50% of total marks in some subjects of the (theory if applicable) paper.

iii. **Section C**

This section usually contains Extended Response Questions (ERQ). Candidates may have external choice in the questions. In addition to that internal choice may also be offered based upon model, content and/or nature of the subject. For ERQs it should contain around 30% of total marks in some subjects of the (theory if applicable) paper.

**III. Choice**

Sometimes the candidates are required to attempt a certain number of questions from a given pool or group of questions, it is commonly known as choice in questions.

There are two types of choices

i. **External Choice**

Whenever the candidates are required to solve (respond to) a certain number of questions from a given pool it is called external choice. This choice may be around 33% in a section.

e.g. 1. Answer any six parts in about 30-40 words each.
(Out of eight questions)

2. Attempt any eight questions from the following.
(Out of eleven questions)

ii. **Internal Choice**

Whenever the candidates have to solve (respond to) a question mandatorily but they have an option within the question it is called internal choice.

e.g. 1. Paraphrase any ONE of the following stanzas.

a. Stanza 1
b. Stanza 2

2. Translate the following: (Some sentences for translation are given)

**OR**

Write a Dialogue between a beggar and a citizen

**2. Disclaimers**

**I.** The cognitive levels written in sample model paper are for explanation purpose only. In the actual question papers administered during examination shall not contain description of these cognitive domains.

**II.** Association of the cognitive domains is solely based on subject expert's judgment and may be subject to errors and/or omissions.

**III.** In the class rooms and during teaching the candidates (students) need to be taught about the time management in accordance with allocation of marks to the questions.

Version Number

اردو لازمی برائے گیارہویں جماعت
ماڈل سوالیہ پرچہ
(بمطابق سلیبس 2006 خیبرپختونخواہ ٹیکسٹ بک بورڈ)

## حصّہ اول

وقت: 25 منٹ
نمبر: 20

نوٹ: حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات الگ سے مہیا کی گئی او ایم آر (OMR) جوابی کاپی پر دیں۔جوابی کاپی کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر 1: ہر سوال کے درست جواب کی نشاندہی کیجیے۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(1) شامل نصاب مضمون "جھوٹے آدمی" کس کی تحریر ہے؟
(A) سر سید احمد خان (B) مولوی ذکاء اللہ
(C) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (D) ڈاکٹر سید عبد اللہ

(2) مشتاق صدیقی کا کون سا مضمون شامل نصاب ہے؟
(A) لمحہ فکریہ (B) اپنی مدد آپ
(C) پاکستانی قومیت کا مسئلہ (D) کچھ ادب کے بارے میں

(3) سر سید کے ایک دوست مولانا محمد قاسم نے مسلمانوں کی دینی تربیت کے لیے کس مدرسہ کی بنیاد رکھی؟
(A) ندوۃ العلماء (B) گورنمنٹ کالج
(C) دار العلوم دیوبند (D) دائرۃ المعارف

(4) نیکی، بدی اور توفیق کس ڈراما کے کردار ہیں؟
(A) تعلیمِ بالغاں (B) رستم و سہراب
(C) یہودی کی لڑکی (D) خوب صورت بلا

(5) مشہور تاریخی شہر روم کس برّاعظم میں واقع ہے؟
(A) ایشیا (B) افریقا
(C) یورپ (D) آسٹریلیا

(6) "خطوطِ غالب" میں قطب الملک سے کون سی شخصیت مراد ہے؟
(A) میر نصیر الدین (B) میر افضل علی
(C) میر سرفراز حسین (D) میر اشرف علی



(7) شاملِ نصاب ڈراما "تعلیمِ بالغاں" میں مولوی صاحب کس محکمہ کے نام درخواست لکھوا رہے تھے؟

(A) محکمہ صحت (B) محکمہ خوراک
(C) محکمہ ماحولیاتی آلودگی و صفائی (D) محکمہ تعلیم

(8) "تخت فرس پہ علی اکبر کا خطاب" کس شاعر کا لکھا ہوا مرثیہ ہے؟
(A) مرزا دبیر (B) میر انیس
(C) جوش ملیح آبادی (D) میر حسن

(9) شاملِ نصاب نظم "نعت" محسن کاکوروی کے کس مجموعہ سے لی گئی ہے؟
(A) قصیدہ مدح خیر المرسلین (B) حسنت جمیع خصالہ
(C) بہارستان (D) گلستانِ محمد

(10) شامل نصاب نظم "شہر آشوب" میں کس شہر کی تباہی و بربادی کا ذکر کیا گیا ہے؟
(A) دہلی (B) فیض آباد
(C) لکھنؤ (D) آگرہ

(11) شاملِ نصاب تحریر "خوب صورت بلا" نثر کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) مضمون (B) ناول
(C) افسانہ (D) ڈراما

(12) "مسدس بد حالی" کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟
(A) سید ضمیر جعفری (B) الطاف حسین حالی
(C) مرزا محمود سرحدی (D) سید محمد جعفری

(13) نظم "پرانا کوٹ" کس قسم کی ذہنیت کی عکاسی کرتی ہے؟
(A) غلامانہ (B) امیرانہ
(C) حاکمانہ (D) فقیرانہ

(14) میر تقی میرؔ کے شاملِ نصاب شعر میں سجدہ نماز میں کس چیز کو لازم قرار دیا گیا ہے؟
(A) محبت (B) عقیدت
(C) اخلاص (D) عاجزی

(15) میر دردؔ کے کلام کا نمایاں وصف کیا ہے؟
(A) معاملہ بندی (B) تصوف
(C) مقصدیت (D) سیاست

(16) غالبؔ کے شعر میں متکلّم کی واعظ سے کہاں ملاقات ہوئی؟
(A) مسجد (B) مندر
(C) مے خانے (D) گھر



(17) ٹیپو سلطان ایک شیر تھا۔ یہ جملہ اردو قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) تشبیہ (B) استعارہ
(C) محاورہ (D) روز مرّہ

(18) "پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے" اِس شاملِ نصاب مصرعے میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟
(A) صنعتِ تکرار (B) صنعتِ تلمیح
(C) صنعتِ تضاد (D) صنعتِ حسنِ تعلیل

(19) "آسمان سے باتیں کرنا" قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) مقولہ (B) استعارہ
(C) محاورہ (D) روز مرّہ

(20) "واہی تباہی" قواعد کے لحاظ سے کیا ہے؟
(A) استعارہ (B) کہاوت
(C) روز مرّہ (D) مصرع

# اردو لازمی برائے گیارہویں جماعت
## ماڈل سوالیہ پرچہ

وقت: 2:35 منٹ
نمبر: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں ۔ اضافی جوابی کاپی طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصّہ دوم (کل نمبر: 48)

**سوال نمبر2: دیئے گئے ہر حصّے میں دی گئی ہدایات کے مطابق شاملِ نصاب کتاب کی روشنی میں تین سے پانچ سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔**

**الف: حصہ نثر**

**کوئی سے پانچ (5) اجزاء کے جوابات لکھیں۔**

**(5x4=20)**

(i) ولیم ڈراگن کے اصول کا مفہوم بیان کریں۔
(ii) مجدّد الف ثانی نے اسلام کی کیا خدمت سر انجام دی؟

(iii) رتن ناتھ سر شار کا کردار "داروغہ جی" کس طرح اپنے معاشرے کی عکاسی کرتا ہے؟
(iv) غالب اپنے کلام کو کیوں ترستا ہے؟
(v) شیخ سعدی کے مزار پر مصنف کی کیا کیفیت ہوئی؟
(vi) شاملِ نصاب ناول کے کردار "چھمی" کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

**ب: حصہ نظم**

**کوئی سے تین (3) اجزاء کے جوابات لکھیں۔**

**(3x4=12)**

(i) "ساماں سے کوئی صاحبِ ایماں نہیں ہوتا" مرزا سلامت علی دبیر نے حضرت علی اکبر کی زبانی اس مصرعے میں کیا پیغام دیا ہے؟
(ii) سید ضمیر جعفری کے مزاحیہ کلام کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟
(iii) محسن کاکوروی کی شاملِ نصاب نعت میں متکلّم محشر میں کیسے پیش ہونا چاہتا ہے؟
(iv) شاملِ نصاب شہر آشوب میں کن لوگوں کی معاشی تباہی کا ذکر کیا گیا ہے؟

**ج: حصہ غزل**

**کسی ایک جز کا جواب لکھیں۔**

**(1x4=4)**

(i) غالب کے شاملِ نصاب شعر میں متکلّم خود کو حرفِ غلط کیوں کہتا ہے؟
(ii) مصحفی کے شاملِ نصاب شعر میں "مستِ خوابِ صبح" کے حوالے سے کیا بات کی گئی ہے؟

**د: حصہ قواعد و اصطلاحات**

**کوئی سے دو (2) اجزاء کے جوابات لکھیں۔**

**(2x4=8)**

(i) تلمیح کی تعریف اور دو مثالیں تحریر کیجیے۔
(ii) قافیہ کی تعریف اور دو مثالیں تحریر کیجیے۔
(iii) مطلع کی تعریف اور ایک مثال لکھیے۔



سوال نمبر3: درج ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تجویز کیجیے:
(1+3=4)

"اس میں شک نہیں کہ عزت و تکریم کا حتمی اور قطعی اختیار اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے لیکن اُسی اللہ نے انسان کو عقل و دانش اور فہم و ذکا سے بھی نوازا ہے۔ اُسے اختیار کا حامل بنایا ہے کہ "خیر و شر" میں کس کا انتخاب کرتا ہے۔ لہٰذا انسان پر بہت بڑی ذمہ داری آن پڑتی ہے کہ وہ زندگی اور آخرت دونوں میں کُلی کامیابی کے لیے اپنے کردار پر بھر پور توجہ دے، اعمال پر کڑی نظر رکھے اور حتی الوسع اپنے حقوق و فرائض میں اعتدال اور توازن کی فضا برقرار رکھے، اگر وہ ایسا کرتا ہے تو یقیناً وہ ضمیر کی خلش اور انجان بے تابی کا شکار نہیں ہو گا۔"

## <u>حصّہ سوم</u> (کل نمبر: 32)

سوال نمبر4: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے:
(1+1+4 = 6)

(الف) (چڑانے کے انداز میں نقل کرتے ہوئے) اجّی میں تو بانس بریلی کا ہوں، بانس بریلی کا، کھاتے پاکستان کا، گاتے بانس بریلی کا۔ آج جس کو دیکھو کوئی سندھی ہے کوئی پنجابی ہے، کوئی بلوچی ہے، کوئی پٹھان ہے، ہر شخص اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد الگ بنا رہا ہے اور لائق شاگرد پوچھ رہے ہیں کہ اتحاد کے ٹکڑے ٹکڑے کس نے کیے مولوی صاحب؟ ارے ٹکڑے ٹکڑے تو تمہارے ہونے تھے کم بختو۔

(ب) "میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا ہے، ہزار کوس سے بہ زبانِ قلم باتیں کیا کرو، ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو، کیا تم نے مجھ سے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ہے، اتنا تو کہو کہ کیا بات تمہارے جی میں آئی ہے۔ برسوں ہو گئے کہ تمہارا خط نہیں آیا۔ نہ اپنی خیرو عافیت لکھی، نہ کتابوں کا بیورا بھجوایا، ہاں مرزا تفتہ نے ہا ترس سے یہ خبر دی ہے کہ پانچ ورق پانچ

کتابوں کے آغاز کے ان کو دے آیا ہوں اور انہوں نے سیاہ قلم کی لوحوں کی تیاری کی ہے۔"

سوال نمبر5: کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (1+1+5 = 7)

(الف) توشہ مسافروں کا یہی، اور یہی ہے زاد — یہ خاک آبِ خضر سے رتبے میں ہے زیاد
طوفاں میں اس کو ڈالے گا جو مرد خوش نہاد — لے آئے گی ہوائے موافق دُرِ مراد
دیکھے گا یاس میں کرمِ کار ساز کو
تھامے گا دستِ موج میں دریا جہاز کو

(ب) دمِ بارانِ رحمت گرد کا گرداب ہو جانا — گڑھوں کا پھیل کر تالاب در تالاب ہو جانا
بپھر کر نالیوں کا "رستم و سہراب" ہو جانا — محلے کے گلی کوچوں کا زہرہ آب ہو جانا
مہینوں تک برنگِ ہر چہ بادا باد یہ سڑکیں

سوال نمبر6: کوئی سے تین اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (3+3+3 = 9)

(الف) اب جان جسم خاک سے تنگ آ گئی بہت — کب تک اس ایک ٹوکری مٹی کو ڈھوئیے

(ب) ہوئی جن سے توقع جستگی کی داد پانے کی — وہ ہم سے بھی زیادہ خستہ تیغِ ستم نکلے

(ج) تم دل آزار بنے رشکِ مسیحا کیسے — کم نہ ہونے دو مرا درد سوا ہونے دو

(د) افسوس کہ ہم تو رہے مست خواب صبح — اور آفتاب عمر لب بام آ گیا

(ہ) محتسب آج تو مے خانے میں تیرے ہاتھوں — دل نہ تھا کوئی، کہ شیشے کی طرح چُور نہ تھا

سوال نمبر7: "کھیلوں کی افادیت" کے موضوع پر دو طالب علموں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر8: دوست کے نام خط لکھ کر اسے موسمِ گرما کی تعطیلات اپنے ہاں گزارنے کی دعوت دیجیے۔ (5)

* * * * *